سوال

(405) کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ پر عمل پیرا جماعت

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

آج کل عالم اسلام میں متعدد فرقے اور صوفیہ کے مختلف طریق پائے جاتے ہیں۔ مثلاً تبلیغی جماعت' اخوان المسلمین' سنی' شیعہ وغیرہ ان میں سے وہ کون سی جماعت ہے جو کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ پر عمل پیرا ہو؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اسلامی جماعتوں میں حق سے زیادہ قریب اور اس پر عمل کی زیادہ کوشش کرنے والے اہل سنت ہیں۔ ان میں اہل حدیث اور انصار السنة کی جماعت اور اس کے بعد اخوان المسلمون شامل ہیں۔ مختصر طور پر یہ کہا جاسکتا ہے کہ ہر جماعت میں بعض غلطیاں بھی ہیں اور بعض صحیح باتیں بھی۔ آپ ہر ایک سے اس کے صحیح کام میں تعاون کریں اور ان کی غلطیوں سے بچیں۔ اس کے ساتھ ساتھ نصیحت کریں اور تعاون علی البر والتقویٰ کے اصول پر کام کریں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ دارالسلام

ج1

محدث فتویٰ